خادم الحرمین الشریفین شاہ عبداللہ نے اپنے والد شاہ عبدالعزیزؒ کے بعد المملكة العربية السعودية کے پانچویں فرمان روا کی حیثیت سے بیعت کی تکمیل کے بعد اپنے بھائی شہزادہ سلطان بن عبدالعزیز وزیر الدفاع والطیر ان کو اپنا ولی عہد مقرر فرمایا، جو خود بھی بڑے متقی اور منجھے ہوئے سیاستدان ہیں اور بڑے خوبیوں کا مالک ہے۔

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ آل سعود کو تمام اندرونی و بیرونی فتنوں سے محفوظ رکھے اور اسے دین اسلام کی نشر واشاعت، عقیدہ توحید اور خدمت ملت اسلامیہ کے لئے تادیر قائم رکھے۔ آمین

یا رب ز باد فتنہ نگہدار ارض طیبہ چندانکہ خاک را بود و باد را بقا

پاکستان میں قیامت خیز زلزلہ الأمان والحفیظ

مجلہ ہذا پریس میں جارہا تھا کہ 8 اکتوبر کی صبح بھونچال آگیا۔ اگرچہ بلتستان میں پہاڑوں سے پتھر لڑھکنے کے علاوہ کوئی نقصان نہیں ہوا، مگر ابتدائی خبروں کے مطابق اس نے مظفر آباد، باغ، راولاکوٹ وغیرہ اور شمال میں مانسہرہ، بالاکوٹ، کاغان، بٹگرام وغیرہ صوبہ سرحد کے علاقوں میں تباہی مچادی ہے۔ ہزاروں لاشیں نکالی جارہی ہیں، ہزاروں ملبے تلے دبے ہوئے ہیں بعض ملبوں سے چیخ وپکار بھی سنائی دے رہی ہے۔ انسان آفات سماوی کے سامنے بے بس ہے۔ ہر طرف قیامت صغریٰ کا منظر ہے۔ **انا لله وانا اليه راجعون**

اللہ اپنی قوت وقہاریت کا اظہار فرماتے ہوئے زمین کو ہلنے کا حکم دیتا ہے جسے زلزلہ یا بھونچال کہتے ہیں۔ اس صورت میں توبہ واستغفار اور آہ وزاری کرنا چاہیے، صدقہ وخیرات دینا چاہیے اور گرہن کی طرح نماز پڑھنے کا بھی ثبوت ہے۔ (**عن ابن عباس رضي الله عنهما أنه صلى في زلزلة ست ركعات وأربع سجدات وقال:" هكذا صلوٰة الآيات**) {السنن الكبرى للبيهقي} ''حضرت ابن عباس نے زلزلہ کی نماز میں چھ رکوع اور چار سجدے کئے اور فرمایا کہ قدرتی نشانیوں کی نماز اسی طرح ہوتی ہے''۔

حالیہ ہولناک ترین زلزلے سے واقع ہونے والی تباہی اور بے بہا جانی و مالی نقصانات پر جمعیت اہلحدیث بلتستان اور جامعہ دارالعلوم بلتستان غواڑی کی انتظامیہ، تدریسی سٹاف، طلبہ وطالبات اور عوام اس روح فرسا سانحے کے جملہ پسماندگان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور رمضان المبارک کے خصوصی موقع پر رب ذوالجلال کے حضور دعا گو ہیں کہ اس ابتلائے خوف، بھوک، نقص اموال وانفس وثمرات میں بندگان الٰہی کو صبر واستقامت اور تسلیم ورضا کی توفیق اور حوصلہ عطا فرمائے۔ متاعِ جانِ عزیز جان آفرین کے حوالے کرنے والوں کی لغزشیں معاف فرما کر اعلیٰ علیین میں مقام عطا فرمائے، زخمیوں اور مریضوں کو شفائے کاملہ وعاجلہ سے فیض یاب فرمائے اور جملہ مصیبت زدگان کو دنیا میں نعم البدل اور آخرت میں رضائے الٰہی سے سرفراز فرمائے اور آئندہ کے لئے عافیت وسلامتی کی نعمت عطا فرمائے۔ آمین